نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید کی ہدایات پر کھادوں کی ذخیرہ اندوزی، بلیک مارکیٹنگ اور زائد قیمت پر فروخت کرنے والے ڈیلرز کے خلاف کاروائیاں جاری۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور **19** فروری **2023**:(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید کی ہدایات پر صوبہ بھر میں کھادوں کی ذخیرہ اندوزی ، بلیک مارکیٹنگ اور زائد قیمت میں فروخت کرنے والے ڈیلرز کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔محکمہ زراعت کاشتکاروں کو کھادوں کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے کیلئے زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔اس ضمن میں پتوکی ،ساہیوال ،اوکاڑہ، حبیب آباد، چیچہ وطنی، پاکپتن، چنیوٹ، فیصل آباد میں مہنگے داموں کھادوں کی فروخت، بلیک مارکیٹنگ اور زائد قیمت پر پرائس کنٹرول ایکٹ 1977 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں اور گزشتہ دو دنوں کے دوران اس مکروہ دھندے میں ملوث افراد کو مجموعی طور 15 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کئے ہیں اور ان کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے۔محکمہ زراعت کے افسران و عملہ کسی بھی دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے اور تمام بڑی و چھوٹی مارکیٹوں اور کھاد کے ڈیلرز کی چیکنگ جاری رکھے ہوئے ہے۔تمام افسران اپنے علاقوں میں کھاد کی ٹریک اینڈ ٹریس ایبلٹی پر کڑی نگاہ رکھے ہوئے ہیں اور کسی بھی غیر قانونی کام کرنے والے کے خلاف فوری ایف آئی آر کا اندراج عمل میں لایا جا رہا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ محکمہ زراعت نے کاشتکاروں کے لئے ایک ایسا نظام وضع کیا ہوا ہے جس میں بذریعہ واٹس ایپ/ ایس ایم ایس نمبر 0300-2955539 کے ذریعے شکایات کو درج کروائی جاسکتی ہے۔یہ نمبر تمام کھاد اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور محکمہ زراعت کے دفاتر میں آویزاں ہے تاکہ کاشتکار اس سے آگاہی حاصل کرسکیں اور کسی بھی شکایت کی صورت میں 24 گھنٹے میں کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

☆☆☆☆